# آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر
## ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ
(درخواستیں مطلوب ہیں)

☆☆☆

آزاد جموں وکشمیر کے تمام سرکاری اور نیم سرکاری، تعلیمی ادارہ جات بشمول پرائیویٹ تعلیمی ادارہ جات جو محکمہ تعلیم آزاد جموں وکشمیر سے باقاعدہ رجسٹرڈ ہوں، میں زیر تعلیم آزاد کشمیر کے صرف ایسے ذہین طلباء/طالبات جنہوں نے سالانہ امتحان سال 2024 میں پاس کیا ہو اور بذیل شرائط پر پورا اترتے ہوں سے مجوزہ فارم پر سٹیٹ ٹیلنٹ سکالرشپ کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں:۔

**اہلیت کا معیار/کوائف:**

| | |
|---|---|
| -1 | تمام سکالرشپ دستیاب فنڈز کے مطابق صرف برطابق میرٹ دیئے جائیں گے۔ |
| -2 | سکالرشپ کیلئے صرف **سال 2024** میں امتحان پاس کرنے والے طلبا/طالبات درخواست دینے کے اہل ہونگے۔ |
| -3 | پرائمری/مڈل میں ایسے طلباء وطالبات جنہوں نے کم از کم 90% نمبرات حاصل کیے ہوں اور امتحان ضلعی ایلیمنٹری بورڈ سے پاس کیا ہو، میٹرک بورڈ 85%، انٹرمیڈیٹ بورڈ 80%، بی اے/بی ایس سی، ایم اے/ایم ایس سی وایم فل و پی ایچ ڈی (دو سالہ ڈگری کورسز) 70% جبکہ پروفیشنل کورسز میں ایسے درخواست گذاران جنہوں نے ہائیر سیکنڈری میں مطلوبہ 80 فیصد نمبرات حاصل کیے ہوں۔ |
| -4 | جاریہ طلباء وطالبات کو سمسٹر/سالانہ امتحان میں کم از کم 60 فیصد نمبرات حاصل کرنے پر ہی سکالرشپ کے لئے زیر غور لایا جائے گا۔ |
| -5 | ایسے امیدواران جو پاکستان کے ادارہ جات یا آزاد جموں وکشمیر ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (TEVTA) کے زیر انتظام باقاعدہ رجسٹرڈ شدہ ادارہ جات میں 03 سالہ ڈپلومہ کورسز کے حامل ہیں سکالرشپ کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں (**کم از کم 60 فیصد نمبرات حاصل کرنا لازمی شرط ہے**)۔ |
| -6 | غلط بیانی کرنے والے طلبا/طالبات کی سند/ڈگری منسوخ کروانے کے علاوہ پولیس میں غلط بیانی اور دھوکہ دہی کا مقدمہ درج کیا جائے گا نیز نامکمل اور قطع وبرید والے فارم کسی بھی صوت زیر غور نہیں لائے جائیں گے۔ |
| -7 | وظیفہ صرف باقاعدہ (ریگولر) طالب علم کو ہی دیا جائے گا۔ سرکاری ملازم، پارٹ ٹائم، ویک اینڈ اور ایوننگ کلاسز وفاصلاتی نظام تعلیم میں زیر تعلیم طلبا/طالبات اہل نہ ہوں گے۔ |
| -8 | مطلوبہ معیار کے مطابق انٹرمیڈیٹ پاس کرنے پر اسی کیٹگری کے مطابق تحت پالیسی سکالرشپ دیا جائے گا۔ پروفیشنل کورسز کے رزلٹ کی بنیاد پر تحت پالیسی پروفیشنل کیٹگری کے مطابق سکالرشپ دیا جائیگا۔ |
| -9 | طلبا/طالبات اپنے رزلٹ کارڈ تصدیق شدہ فارم کے ساتھ شامل کرنے کے پابند ہونگے Inter Net سے لیے گئے رزلٹ کا پرنٹ قابل قبول نہ ہوگا۔ |
| -10 | طلبا/طالبات پروفیشنل کورسز کے 2 سمسٹرز 2024 کے رزلٹ **(31 مارچ 2025)** تک جمع کروانے کے پابند ہوں گے مقررہ تاریخ گزرنے کے بعد رزلٹ کسی بھی صورت قابل قبول نہ ہوگا اور نہ ہی میرٹ میں شامل کیا جائے گا۔ |
| -11 | ان سکالرشپس کے لیے صرف آزاد کشمیر کے حدود میں واقع سکولز/کالجز میں زیر تعلیم باشندہ درجہ اوّل کے طلباء وطالبات انٹرمیڈیٹ کی سطح تک کے لیے اہل ہوں گے البتہ انٹرمیڈیٹ کے بعد گریجوکیشن لیول کے رزلٹ کی بنیاد پر پاکستان کے تعلیمی ادارہ جات میں زیر تعلیم آزاد کشمیر کے سٹیٹ سبجیکٹ ہولڈرز طلباء وطالبات بشمول مہاجرین مقیم پاکستان بھی ان سکالرشپس کے لیے اہل ہوں گے۔ |
| -12 | یہ سکالرشپس کیونکہ "State Talent Scholarship" کے نام سے موسوم ہیں اس لیے انٹرمیڈیٹ لیول تک صرف وہی طلباء وطالبات مستفید ہوں گے جو کہ آزاد کشمیر کی حدود میں قائم تعلیمی ادارہ جات میں تعلیم حاصل کر رہے ہوں گے جبکہ پنجاب یا کسی دیگر صوبہ میں رہائش پذیر طلباء وطالبات (بشمول مہاجرین مقیم پاکستان) اپنے اپنے متعلقہ صوبہ جات میں اسی نوعیت کے وظائف حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔ |
| -13 | سکالرشپ کا اہل وہی درخواست گزار ہوگا جو دیگر سکالرشپ حاصل نہ کر رہا ہوگا جس کی تصدیق سربراہ ادارہ دے گا۔ بغیر سربراہ ادارہ کی تصدیق کے کوئی بھی فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔ |
| -14 | فارم کے ساتھ کوائف مصدقہ شامل کرنے ضروری ہیں (**سرٹیفکیٹ باشندہ ریاست درجہ اوّل، ڈومیسائل سرٹیفکیٹ، ایک عدد فوٹو حالیہ، رزلٹ کارڈ، شناختی کارڈ کی نقل یا فارم "ب"**)۔ جن طلباء وطالبات نے پشتنی سرٹیفکیٹ/ڈومیسائل کے لیے اپلائی کر رکھا ہے جب تک دفتر ہذا میں مصدقہ نقول جمع نہیں کروائی جائیں گی اس وقت تک سکالرشپ کی ادائیگی نہیں کی جائے گی۔ |
| -15 | لائن آف کنٹرول سے 2 کلومیٹر کے فاصلہ تک واقع علاقوں کے رہائشی/تعلیمی ادارہ جات میں زیر تعلیم طلباء/طالبات کے لئے تمام کیٹگریز میں 05% نمبرات کی رعایت ہوگی۔ یہ رعایت صرف ڈپٹی کمشنر متعلقہ ضلع کے سرٹیفکیٹ کے ساتھ مشروط ہوگی۔ لائن آف کنٹرول کے رہائشی یا تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم ہونے کی صورت میں کوائف سرٹیفکیٹ ڈپٹی کمشنر متعلقہ سے ہی جاری شدہ زیر غور لایا جائیگا۔ |
| -16 | پروفیشنل کورسز (انجینئرنگ/ایم بی بی ایس/بی ایس/ایل ایل بی (آنرز)/DPT/D.Pharmacy/BDS/DVM) کے علاوہ دیگر تمام کیٹگریز میں one time سکالرشپ دیا جائے گا۔ |
| -17 | پاس کردہ امتحان کا سرٹیفکیٹ بمعہ DMC مہیا کرنا ہوگا جس میں فیصد نمبروں کی وضاحت ہو۔ CGPA پر میرٹ مرتب نہیں ہوگا اس کے لئے ادارہ/یونیورسٹی سے سال 2024 کے دو سمسٹرز کا Equivalence سرٹیفکیٹ مہیا کرنا لازمی ہوگا جس میں نمبروں اور فیصد کی وضاحت ہو جسے سربراہ ادارہ/کنٹرولر امتحانات متعلقہ کالم میں درج کرے گا۔ Equivalence سرٹیفکیٹ مہیا نہ کرنے کی صورت میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ (آخری دو سمسٹرز 2024 کا Equivalence سرٹیفکیٹ شامل کرنا لازمی ہوگا۔ کسی بھی اعتراض کی صورت میں ہر حال میں 30 اپریل 2025 تک اعتراضات کو دور کریں۔ میرٹ کا کام مکمل ہونے کے بعد اور چیک جاری ہونے کے بعد کوئی بھی عذر قابل پذیرائی نہ ہوگا اور نہ ہی کوئی چیک دوبارہ جاری کیا جائے گا۔ میرٹ فائنل ہونے سے پہلے ایک سمسٹر کا رزلٹ جمع کروانے کی صورت میں میرٹ فائنل ہونے کے بعد کسی صورت دوسرے سمسٹر کا رزلٹ وصول نہیں کیا جائے گا/نہ ہی اس پر کوئی کارروائی کی جائے گی۔ |
| -18 | صرف ایسے فارم وصول کیے جائیں گے جو سربراہ ادارہ سے تصدیق شدہ ہونگے اور سربراہ ادارہ کے توسط سے باقاعدہ کورنگ لیٹر کے ساتھ موصول ہوں گے۔ |
| -19 | درخواست فارم ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائیٹ /https://hed.ajk.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ |
| -20 | ایسے یتیم طلباء وطالبات جن کی عمر 18 سال سے کم ہے وہ سکالرشپ فارم کے ساتھ فارم ب اور والدہ کے شناختی کارڈ کی کاپی لف کریں گے (ڈیتھ سرٹیفکیٹ لف کریں)۔ |
| | متذکرہ بالا سکالرشپ کیلئے ہر لحاظ سے مکمل درخواست فارمز متعلقہ ادارہ کی سفارشات کے ساتھ بذریعہ ڈاک مورخہ **"28 فروری 2025"** تک سیکرٹریٹ ہائیر ایجوکیشن بلاک نمبر 10 سیکرٹریٹ کمپلیکس چھتر دومیل مظفرآباد میں دفتری اوقات کار میں پہنچ جانی چاہیں۔ آخری تاریخ کے بعد اور نامکمل درخواستیں زیر غور نہیں لائی جائیں گی۔ |

9/12/24

(مہوش اکبر)

**پروگرام آفیسر**

ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ

فون نمبر: 05822-924235

CamScanner

آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

(ہائیرایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ)

بلاک نمبر 10 سول سیکرٹریٹ چھتر دومیل مظفر آباد۔

☆☆☆☆☆

Form No.:______

Date:______

Session: 2024

# درخواست فارم برائے سٹیٹ ٹیلنٹ سکالرشپ

پاسپورٹ سائز تصویر یہاں چسپاں کریں۔

## سیکشن (الف) طالب علم کی ذاتی ودیگر معلومات

طالب علم کا نام ______ تاریخ پیدائش ______

والد کا نام ______

گھر کا مستقل پتہ ______

Postal Address (in English)

| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |

رہائش کا ضلع ______ ٹیلیفون نمبر معہ کوڈ (لینڈ لائن) ______ Mobile ______

سال 2024 میں پاس کردہ سالانہ امتحان کی معلومات

| امتحان جو پاس کیا | سال | بورڈ/یونیورسٹی | امتحانی رول نمبر | نمبر لکھیں | | فیصد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نیو جاریہ | جس سال امتحان پاس کیا وہ سال لکھیں | جس بورڈ/یونیورسٹی سے امتحان پاس کیا اس کا نام لکھیں | جس رول نمبر کے تحت امتحان دیا وہ لکھیں | حاصل کردہ نمبر | کل نمبر | کتنے فیصد نمبر حاصل کیے وہ لکھیں |
| | | | | / | | |

### سابقہ ادارہ کی معلومات جہاں سے امتحان پاس کیا

تعلیمی ادارہ کا مکمل نام و پتہ:۔ ______ کلاس ______ سال ______ فون نمبر ______

## سیکشن (ب)۔ موجودہ تعلیمی ادارہ کی معلومات (جہاں طالب علم اس وقت زیر تعلیم ہے)

تعلیمی ادارہ کا مکمل نام:۔ ______

تعلیمی ادارہ کا مکمل پتہ (برائے خط و کتابت):۔ ______

تعلیمی ادارہ کے سربراہ کا نام:۔ ______ عہدہ:۔ ______

تعلیمی ادارہ کے سربراہ کا رابطہ نمبر:۔ لائن لینڈ ______ FAX ______ Mobile ______

کلاس/ کورس جس میں طالب علم داخل ہے:۔ ______

کلاس/ڈگری/ کورس کا کل دورانیہ: سال ______ مہینہ ______ کلاس/ڈگری/ کورس شروع ہونے کی متوقع تاریخ ______ کلاس/ڈگری/ کورس مکمل ہونے کی متوقع تاریخ ______

## سیکشن (ج) والد/والدہ اور طالب علم سے تصدیق/ بیان حلفی

ہم حلفاً بیان کرتے ہیں کہ مندرجہ بالا معلومات وکوائف درست ہیں اور نہ ہی کوئی امر مخفی نہیں رکھا گیا ہے اور بقائمی ہوش وحواس حلفاً اقرار کرتا/ کرتی ہوں کہ کسی قسم کی دوسری اسکالرشپ سے مستفید نہیں ہورہا/رہی ہوں، اگر میں کسی قسم کے دھوکہ میں پایا گیا تو میں غلط بیانی کی پاداش میں میں وظیفہ کی کل رقم واپس کرنے کا پابند ہونگا/ہونگی۔

دستخط اُمیدوار ______ دستخط والدین/سرپرست ______

2Shahid Jahangir Raja

CamScanner

**نوٹ:** برائے مہربانی زیریں ہدایات کے مطابق درخواست کو مکمل کیا جائے۔ معیار جس پر درخواستیں زیرِ غور آئیں گی کم از کم بذیل ہے۔

پرائمری و مڈل 90%(ضلعی ایلیمنٹری بورڈ ہا)، میٹرک 85% انٹرمیڈیٹ 80%، گریجویشن و بالا 70%، پروفیشنل جاریہ 60% نمبرات

| |
|---|
| مروجہ پالیسی کے مطابق کوئی طالب علم کسی تعلیمی سال میں ایک سے زائد وظائف نہیں لے سکتا۔ |
| صرف ان سکالرشپ درخواستوں پر غور کیا جائے گا جو متعلقہ ادارہ کے سربراہ کے توسط سے موصول ہوں گی۔ |
| صرف ریگولر طلباء/ طالبات ہی درخواست دینے کے اہل ہوں گے تصدیق و توسط سے درخواست ارسال کرنا لازمی ہوگی۔ |
| پاس کردہ امتحان کا سرٹیفکیٹ بمعہ DMC مہیا کرنا ہوگا جس میں فیصد نمبروں کی وضاحت ہو۔ CGPA پر میرٹ مرتب نہیں ہوگا اس کے لئے ادارہ ایونیورسٹی سے سال 2024 کے دو سمسٹرز کا Equivalence سرٹیفکیٹ مہیا کرنا لازمی ہوگا جس میں نمبروں اور فیصد کی وضاحت ہو جسے سربراہ ادارہ / کنٹرولر امتحانات متعلقہ کالم میں درج کرے گا۔ Equivalence سرٹیفکیٹ مہیا نہ کرنے کی صورت میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ (آخری دو سمسٹرز 2024 کا Equivalence سرٹیفکیٹ شامل کرنا لازمی ہوگا)۔ |
| ایسے امیدواران جو پاکستان کے ادارہ جات یا آزاد جموں و کشمیر ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (TEVTA) کے زیر انتظام باقاعدہ رجسٹرڈ شدہ ادارہ جات میں 03 سالہ ڈپلومہ کورسز کے حامل ہیں سکالرشپ کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں (کم از کم 60 فیصد نمبرات حاصل کرنا لازمی شرط ہے)۔ |
| طالب علم کی ایک عدد پاسپورٹ سائز تصویر (Blue Background) فارم پر دی گئی جگہ پر چسپاں کی جائے۔ |
| لائن آف کنٹرول کیٹیگری کی صورت میں متعلقہ ڈپٹی کمشنر ضلع سے جاری شدہ کے سرٹیفکیٹ پر ہی درخواست زیر غور لایا جائیگی۔ |
| سکالرشپ کا اہل وہی درخواست گزار ہوگا جو دیگر سکالرشپ حاصل نہ کر رہا ہوگا جس کی تصدیق سربراہ ادارہ دے گا۔ بغیر سربراہ ادارہ کی تصدیق کے کوئی بھی فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔ رابطہ کے لئے اپنا یا اپنے گھر کے کسی قریبی فرد کا ایسا موبائل فون نمبر تحریر کیا جائے جو بند نہ ہو۔ رابطہ کرنے پر نمبر بند پایا جانے کی صورت میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ |
| درخواست مقررہ فارم برائے حصول "سٹیٹ ٹیلنٹ سکالرشپ سال 2024" پر ہی زیر غور لائی جائیں گی۔ |
| تمام امیدواران کو پشتنی سرٹیفکیٹ، ڈومیسائل سرٹیفکیٹ، سالانہ رزلٹ کارڈ (تصدیق شدہ) معہ ایک عدد تصویر مہیا کرنا ہوگی طلبا/طالبات اپنے رزلٹ کارڈ تصدیق شدہ فارم کے ساتھ شامل کرنے کے پابند ہونگے۔ Net سے لیے گئے رزلٹ کا پرنٹ قابل قبول نہ ہوگا اور اگر رزلٹ متعلقہ ادارہ کے سربراہ / کنٹرولر امتحانات سے تصدیق نہ ہونے کی صورت میں درخواست نامکمل تصور ہوگی۔ |
| کسی دوسری ایجنسی یا ادارہ سے وظیفہ لینے کی صورت میں وظیفہ کیلئے اہل نہ ہوگا۔ |
| سکالرشپ دستیاب فنڈز کے مطابق میرٹ کی بنیاد پر ہی دیا جائے گا۔ پروفیشنل کیٹیگریز (انجینئرنگ /میڈیکل /ایم ایس /ایل ایل بی (آنرز)/DPT/D.Pharmacy/BDS/DVM) کے علاوہ دیگر تمام کیٹیگریز میں one time سکالرشپ دیا جائے گا۔ |
| مطلوبہ معیار کے مطابق انٹرمیڈیٹ پاس کرنے پر جس کیٹیگری میں زیر تعلیم ہوں گے کے مطابق سکالرشپ دیا جائے گا۔ پروفیشنل کورسز کے رزلٹ کی بنیاد پر پروفیشنل کیٹیگری کے مطابق سکالرشپ دیا جائیگا۔ |
| ہر لحاظ سے مکمل درخواست ہی زیر غور لائی جائے گی نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول شدہ درخواست زیر غور نہیں لائی جائے گی نامکمل درخواست کی صورت میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ |
| ایسے یتیم طلباء و طالبات جن کی عمر 18 سال سے کم ہے وہ سکالرشپ فارم کے ساتھ فارم ب اور والدہ کے شناختی کارڈ کی کاپی لف کریں گے (ڈیتھ سرٹیفکیٹ لف کریں)۔ |

## تصدیق سربراہ موجودہ ادارہ:۔

تصدیق دی جاتی ہے مسمی /مسماۃ ____________ ادارہ ہذا کا / کی باقاعدہ ریگولر طالب علم / طالبہ ہے اور اس نے جماعت / ڈگری / کورس ____________ میں داخلہ لیا ہے۔ اس کے موجودہ کلاس / ڈگری / کورس کی کل مدت ____________ سال ____________ ماہ ہے اور اس کی اب تک کارکردگی اطمینان بخش ہے اس کا GPA ______ ہے جو کہ ______ فیصد بنتا ہے۔ مندرجہ بالا معلومات میرے علم کے مطابق درست ہیں اور کوئی امر مخفی نہیں رکھا گیا۔ نیز تصدیق دی جاتی ہے کہ مذکور دیگر کسی ذریعہ سے کوئی اور سکالرشپ حاصل نہیں کر رہا ہے۔ غلط بیانی کی صورت میں وظیفہ کی رقم واپس کر دی جائے گی۔

نام ____________ عہدہ ____________

دستخط مع تاریخ ____________ مہر ____________

فون نمبر دفتر ____________ موبائل نمبر ____________

CS CamScanner